# Prime Minister Addresses the virtual Global Vaccine Summit 2020

June 04, 2020

---------------------------------------------------------------------------------------------------

## وزیر اعظم کا ورچوئل گلوبل ویکسین سمٹ 2020 سے خطاب

04 جون، 2020

ہندوستان نے آج بین الاقوامی ویکسین اتحاد گیوی کو 15 ملین امریکی ڈالر کا وعدہ کیا ہے۔

وزیر اعظم جناب نریندر مودی برطانیہ کے وزیر اعظم بورس جانسن کی میزبانی میں منعقدہ ورچوئل گلوبل ویکسین سمٹ سے خطاب کیا جس میں 50 سے زائد ممالک - کاروباری رہنماؤں، اقوام متحدہ کی ایجنسیوں، سول سوسائٹی، حکومتی وزراء، سربراہان مملکت اور ملک کے رہنماؤں نے شرکت کی۔

اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان اس مشکل وقت میں دنیا کے ساتھ یکجہتی میں کھڑا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ ہندوستان کی تہذیب دنیا کو ایک فیملی کی حیثیت سے دیکھنا سکھاتی ہے اور اس وبائی مرض کے دوران اس نے اس تعلیم کے مطابق عمل پیرا ہونے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے 120 سے زائد ممالک کے ساتھ ملک کی دوائیوں کے دستیاب ذخائر کو شیئے کرکے اور اپنے قریبی پڑوس کے ساتھ مل کر مشترکہ رد عمل کی حکمت عملی بنا کر اور اس کی مانگ کرنے والے ممالک کو خصوصی مدد فراہم کرکے اس پر عمل پیرا ہوا ہے، اس کے ساتھ ساتھ ہندوستان نے اپنی بڑی آبادی کو بھی بچایا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ کووڈ 19 وبائی مرض نے کچھ حد تک عالمی سطح پر تعاون کی حدود کو بے نقاب کردیا ہے اور حالیہ تاریخ میں پہلی بار، بنی نوع انسان کو ایک واضح مشترکہ دشمن کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

انہوں نے گیوی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ نہ صرف عالمی اتحاد ہے بلکہ عالمی یکجہتی کی علامت ہے اور اس بات کا اعادہ بھی ہے کہ دوسروں کی مدد کرکے بھی ہم اپنی مدد کرسکتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں آبادی زیادہ اور صحت کی محدود سہولیات موجود ہیں اور یہ کہ وہ حفاظتی ٹیکوں کی اہمیت کو سمجھتا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ان کی حکومت کے شروع کردہ پہلے پروگراموں میں سے ایک مشن اندرادھنوش تھا، جس کا مقصد ملک کے بچوں اور حاملہ خواتین کی مکمل ویکسینیشن کو یقینی بنانا ہے، جس میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو وسیع ملک کے دور دراز علاقوں میں رہتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ تحفظ کو بڑھانے کے لئے، ہندوستان نے اپنے قومی حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام میں چھ نئی ویکسینیں شامل کی ہیں۔

وزیر اعظم نے واضح کیا کہ ہندوستان نے اپنی ویکسین کی فراہمی کی پوری سپلائی لائن کو ڈیجیٹائز کیا ہے اور اس کی کولڈ چین کی سالمیت کی نگرانی کے لئے الیکٹرانک ویکسین انٹیلیجنس نیٹ ورک تیار کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ جدت طرازی آخری میل تک صحیح وقت پر صحیح مقدار میں محفوظ اور قوی ویکسین کی دستیابی کو یقینی بنا رہی ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان دنیا میں ویکسین تیار کرنے والا اہم ترین ملک ہے اور یہ خوش قسمتی ہے کہ دنیا کے 60 فیصد بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ ہندوستان جی اے وی آئی کے کام کو مانتا ہے اور اس کی قدر کرتا ہے، یہی وجہ ہے کہ وہ جی اے وی آئی کے لئے ایک ڈونر بن گیا ہے جبکہ وہ خود بھی جی اے وی آئی کی حمایت کا اہل ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ جی اے وی آئی کے لئے ہندوستان کی مدد صرف مالی ہی نہیں ہے بلکہ ہندوستان کی زبردست مانگ سے سب کے لئے ویکسین کی عالمی قیمت میں بھی کمی واقع ہوئی ہے، جس سے گذشتہ پانچ سالوں میں جی اے وی آئی کے لئے تقریبا 400 ملین ڈالر کی بچت ہوئی ہے۔

وزیر اعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ہندوستان کم قیمت پر معیاری ادویات اور ویکسین تیار کرنے کی ثابت صلاحیت کے ساتھ ساتھ، حفاظتی ٹیکوں کی تیزی سے توسیع کرنے میں اپنے گھریلو تجربے اور قابل قدر سائنسی تحقیقی صلاحیت کے ساتھ دنیا سے یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہندوستان نہ صرف عالمی سطح پر صحت کی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے بلکہ شیئرنگ اور دیکھ بھال کے جذبے کے ساتھ ایسا کرنے کی بھی عزم رکھتا ہے۔

**نئی دہلی**

**04 جون، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.